# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

# پریس ریلیز

مورخہ 11 مئی، 2017

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 22 افسران کی اگلے گریڈوں میں ترقی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ گریڈ 20 میں ایک، گریڈ 19 میں 5 اور گریڈ 16 میں 16 افسران کو ترقی دی دی گئی۔ ترقی پانے والے افسران کا تعلق چاروں صوبوں سے ہے اور مختلف ضعلوں اور ڈویژن میں تعینات ہیں۔

الیکشن کمیشن کے ترجمان ہارون خان نے اس سلسلے میں بعض میڈیا رپورٹس کی سختی سے تردید کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن کسی انتظامی بحران کا شکار نہیں ہے اور تمام افسران کو نئی پروموشن پالیسی کے تحت مطلوبہ معیار اور ٹریننگ حاصل کرنے کے بعد بروقت ترقیاں دے جارہی ہیں۔ جو کہ گریڈ 20 اور 21 کے افسران ریٹائرڈ ہونے والے ہیں ان کی جگہ نئے افسران فوری پروموٹ کر دیئے جائیں گے۔ اس وقت الیکشن کمیشن کے مختلف گریڈ کے افسران SMC، NMC اور MCMC میں بنیادی اور لازمی ٹریننگ حاصل کر رہے ہیں اور ٹریننگ مکمل کرنے پر ان کو اگلے گریڈوں میں بروقت ترقی دی جائیگی۔

ہارون خان نے مزید بتایا کہ اس سلسلے میں یہ وضاحت ضروری ہے کہ الیکشن کمیشن کے انتظامی افسران اور ممبران میں فرق کو سمجھا جائے ۔الیکشن کمیشن کے چاروں صوبوں میں ممبران موجود ہیں اور یہ آئینی عہدے ہیں جو 5 سال کی مدت پوری کرتے ہیں۔ اس دوران نہ وہ ٹرانسفر ہو سکتے ہیں اور نہ ہی ریٹائر ہوتے ہیں۔ پاکستان کے چاروں صوبوں سے ایک ایک ممبر الیکشن کمیشن آف پاکستان میں لئے جاتے ہیں۔ اور الیکشن کمیشن کا لازمی حصہ ہیں جبکہ صوبائی الیکشن کمشنرز انتظامی افسران ہیں اور وہ الیکشن کمیشن کے ماتحت ہیں۔ جو ریٹائر بھی ہوتے ہیں، ٹرانسفر بھی ہوتے ہیں اور ان کی جگہ گریڈ 21 کے نئے افسران تعینات بھی کئے جاتے ہیں۔

الیکشن کمیشن کے ساتھ افسران کی تعیناتی کا کوئی مسئلہ درپیش نہیں ہے اور جو گریڈ 20 کے افسران ریٹائر ہو رہے ہیں۔ ان کی جگہ فوری طور پر تجربہ کار افسران لے لیں گے جو اس وقت لاہور اور کراچی میں گریڈ 20 کے لیے لازمی ٹریننگ حاصل کر رہے ہیں۔ اسی طرح گریڈ 21 کے لئے لازمی ٹریننگ حاصل کرنے کے بعد ان کو بھی فوری طور پر تعینات کر دئے جائیں گے۔

۲۔ نئی پروموشن پالیسی 2015 میں شروع کی گئی تھی۔ جس کے تحت اہل افسران کی بروقت مطلوبہ ٹریننگ کے بعد ترقی دینا مقصود تھا۔ اس سلسلے میں ستمبر 2015 میں گریڈ 20 میں 2 افسران، گریڈ 19 میں 4 افسران گریڈ 18 میں 11 افسران کو ترقی دی گئی تھی۔

۳۔ مارچ 2016 میں گریڈ 21 میں 3 افسران کو ترقی دی گئی جون 2016 میں گریڈ 21 میں 4 افسران گریڈ 20 میں 6 افسران گریڈ 19 میں 16 افسران گریڈ 18 میں 27 افسران جبکہ گریڈ 17 میں 2 افسران کو ترقی دی گئی تھی۔ اکتوبر 2016 میں گریڈ 20 کے 2 افسران جبکہ گریڈ 18 میں 6 افسران کو ترقی دی گئی تھی۔

۴۔ نئی پروموشن پالیسی پر اپریل 2016 سے کام شروع کیا گیا تھا۔ اس پر کئی دفعہ میٹنگز ہوئیں اور 14 جون 2016 کو اس کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جس نے اس پر کام کرنے کے بعد 19 جنوری 2017 کو منظوری کے لیے الیکشن کمیشن کے سامنے پیش کیا جس کی منظوری چیف الیکشن کمشنر نے 25 جنوری 2017 کو دے دی۔

۵۔ اس جامع اور موثر پالیسی کے تحت سالانہ 2 مرتبہ ڈی۔ پی۔ سی ماہ اپریل اور نومبر میں کی جائے گی۔ اور نوٹیفکیشن 2 ہفتوں کے دوران ہی فوری

طور پر جاری کیا جائے گا تاکہ ترقی پانے والے افسران بروقت اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھال سکیں۔

اسٹبلشمنٹ برانچ مختلف گریڈوں میں خالی آسامیوں کی نشاندھی کا کام سرعت سے سرانجام دے گا۔اس کے ساتھ ساتھ خواتین کے لیے مختص آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے بروقت کاروائی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆